© rasailojaraid.com



محمد الیاس خان

ڈائریکٹر جنرل (ریسرچ)/ترجمان
اسلامی نظریاتی کونسل

# دوسری شادی سے قبل پہلی بیوی سے اجازت حاصل کرنے کا مسئلہ

پچھلے دنوں مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء سے متعلق کونسل کی سفارشات پر مختلف حلقوں کی طرف سے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر بڑی شدومد سے بحث و مباحثہ جاری رہا۔ بطور خاص دوسری شادی کے حوالے سے کونسل کی طرف سے مرتب کی جانے والی سفارش کو ہدف تنقید بنایا گیا۔

ذیل کی سطور میں دوسری شادی سے متعلق مسلم عائلی قوانین کی متعلقہ دفعہ (٦) میں پائی جانے والی قانونی و شرعی خرابیوں اور اس سے متعلق کونسل کی سفارش کا جائزہ لینا پیش نظر ہے۔

اولاً: مسلم عائلی قوانین آرڈیننس کی تعدد ازدواج سے متعلقہ دفعہ ٦ میں پہلی بیوی کی موجودگی میں دوسری شادی کے خواہاں شخص کے لئے ثالثی کونسل سے پیشگی اجازت کے حصول کی بات کی گئی ہے نہ کہ پہلے سے موجود بیوی یا بیویوں کی اجازت کی۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ اس اجازت کے حصول کے لئے جو درخواست دی جائے گی اس میں دوسری شادی کی وجوہات کے ساتھ ساتھ اضافی معلومات کے طور پر یہ بھی تحریر کیا جائے گا کہ آیا موجودہ بیوی یا بیویوں کی رضامندی بھی حاصل کر لی گئی ہے یا نہیں۔

تاہم قانون کی اس دفعہ میں اس بات کی صراحت کر دی گئی ہے کہ اگر ثالثی کونسل فریقین کا موقف سننے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچتی ہے کہ مجوزہ شادی ضروری اور منصفانہ ہے تو وہ مناسب شرائط کے ساتھ اس شادی کی منظوری دے گی۔ قانون میں یہ منظوری پہلی بیوی کی اجازت سے کسی بھی طرح سے مشروط نہیں کی گئی ہے۔

ثانیاً: کونسل نے اپنے اجلاس (نمبر ۱۹۴) منعقدہ ۱۰- ۱۱/ مارچ ۲۰۱۴ء میں قانون کی اس پوری دفعہ کو خلاف اسلام قرار دیتے ہوئے مسترد کرنے کی سفارش بالاتفاق منظور کی۔ کونسل کی طرف سے مذکورہ سفارش منظور کرنے کی وجوہات / دلائل درج کرنے سے قبل قانون کی اس دفعہ کا متن درج کیا جانا ضروری معلوم ہوتا ہے جو درج ذیل ہے:

### دفعہ ٦۔ تعدد ازدواج

(۱) کوئی شخص آرڈیننس ہذا کے تحت اپنی پہلی بیوی کی موجودگی میں ثالثی کونسل سے پیشگی تحریری اجازت حاصل کئے بغیر دوسری شادی کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ اور نہ ہی منظوری مذکور کے بغیر کی گئی کسی شادی کو آرڈیننس ہذا کے تحت درج رجسٹر کیا جائے گا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۲) تحتی دفعہ (۱) کے تحت اجازت حاصل کرنے کے لئے درخواست مجوزہ طریق کار کے مطابق چیئرمین کو مقررہ فیس کے ہمراہ دی جائے گی اور اس میں مجوزہ شادی کی وجوہات درج کی جائیں گی۔ نیز اس میں یہ بھی تحریر کیا جائے گا کہ آیا موجودہ بیوی یا بیویوں کی رضامندی حاصل کرلی گئی ہے یا نہیں۔

(۳) تحتی دفعہ (۲) کے تحت درخواست وصول ہونے پر چیئرمین درخواست دہندہ اور اس کی بیوی یا بیویوں سے کہے گا کہ وہ ہر ایک اپنا اپنا نمائندہ نامزد کردیں۔ اور اس طرح تشکیل شدہ ثالثی کونسل مجاز ہوگی کہ اگر اس کا اس بارے میں اطمینان ہو جائے کہ مجوزہ شادی ضروری اور منصفانہ ہے تو وہ ایسی شرائط کے تحت جنہیں وہ مناسب خیال کرے طلب کردہ منظوری دے دے گی۔

(۴) درخواست دہندہ کا فیصلہ کرتے وقت ثالثی کونسل اپنے فیصلہ کی وجوہات قلمبند کرے گی۔ اور ہر فریق مجاز ہوگا کہ وہ مقررہ عرصہ کے اندر مجوزہ طریق میں اور مقرر کردہ فیس ادا کرنے پر نگرانی کی درخواست کلکٹر کو پیش کرے گا اور اس کا فیصلہ قطعی ہوگا اور کسی عدالت میں اس کے خلاف چارہ جوئی نہیں ہو سکے گی۔

(۵) اگر کوئی شخص ثالثی کونسل کی اجازت کے بغیر دوسری شادی کرے گا۔ تو اس پر لازم ہوگا کہ وہ

(الف) حق مہر کی کل ایسی رقم (خواہ وہ معجل ہو یا غیر معجل) یا جو بیوی یا بیویوں کو قابلِ ادا ہو فی الفور ادا کرے اور اگر ایسی رقم ادا نہ کی جائے تو اسے بطور بقایا مالیہ سرکار وصول کیا جائے گا۔ اور

(ب) شکایت پر اثبات جرم کی صورت میں وہ قید محض کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکتی ہے۔ یا سزائے جرمانہ کا جو پانچ ہزار روپے تک ہو سکتا ہے۔ یا ہر دو سزائیں۔


## کونسل کی طرف سے آرڈیننس مسلم عائلی قوانین کی دفعہ ۶ کو مسترد کرنے کی وجوہات

قانون کی دفعہ ۶ کی ذیلی شق (۱) کو مسترد کرنے کی وجوہات

i. اس شق میں جس 'ثالثی کونسل' کی بات ہو رہی ہے اور یہ ثالثی کونسل جس 'چیئرمین' کی طرف سے تشکیل دی جائے گی، ان سے متعلقہ قانون (بنیادی جمہوریتوں کا آرڈر، ۱۹۵۹ء) ایک مردہ قانون ہے جس کا وجود اس وقت کے کتابِ قانون (statute book) میں ہے ہی نہیں۔ چنانچہ قانون کی اس دفعہ کے نفاذ کے لئے قانون میں بیان کردہ انتظامی/ تنفیذی ڈھانچے کی عدم موجودگی میں قانون کا یہ ٹکڑا (piece of law) نہ صرف غیر مؤثر اور ناقابل عمل ہے بلکہ اس بنیادی سقم کی وجہ سے اسے قانون کہنا بھی شاید درست نہ ہو۔

ii. دفعہ ۶ کی اس ذیلی شق میں ثالثی کونسل کی اجازت کے بغیر دوسری شادی کو ناجائز/ باطل یا غیر مؤثر قرار دیئے بغیر یہ کہا گیا ہے کہ ایسی شادی کو رجسٹر نہیں کیا جائے گا۔ قانون کے اس ٹکڑے کے قانونی مضمرات بالاختصار یہ ہیں:

(الف) باوجودیکہ دوسری شادی کرنے والے کو اس قانون میں درج طریق کار (جو اب ناقابل عمل ہے) کی خلاف ورزی پر اس دفعہ ۶ کی ذیلی شق (۵) کے





rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مطابق یہ سزا تجویز کی گئی ہے کہ اسے ایک سال تک قید محض میں رکھا جائے گا یا پانچ ہزار جرمانہ کیا جائے گا یا دونوں سزائیں دی جائیں گی۔ تاہم دفعہ ٦ کی اس شق کی رو سے آئین کے آرٹیکل ۱۳ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اسے ایسی دوہری سزا کا شکار کیا جائے گا جو اسے ساری عمر جھیلنی پڑے گی۔ یعنی وہ قانون کی نظر میں بھی جائز قرار دی جانے والی اس دوسری شادی کو قانوناً رجسٹر نہیں کرا سکے گا اور نتیجتاً وہ اپنی دوسری بیوی اور اس سے ہونے والے بچوں کی شناخت کے حق سے زبردستی اور ناجائز طور پر محروم کئے جانے کے نتیجے میں ایسی شدید ذہنی اذیت اور عذاب میں مبتلا رہے گا جس سے چھٹکارے کا کوئی قانونی راستہ نہیں رہنے دیا گیا ہے۔

(ب) ”ولا تزر وازرۃ وزر اُخری“ کے قرآنی اصول اور عالمی طور پر مسلمہ قانونی قاعدے “no one is to be punished for the crime or wrong of another” (یعنی کسی کو بھی کسی دوسرے کے جرم یا غلط کاری کی سزا نہیں دی جائے گی) کو یکسر نظر انداز کرتے ہوئے قانون کا یہ ٹکڑا دوسری بیوی اور حتیٰ کہ اس بیوی کے بطن سے مستقبل میں پیدا ہونے والے بچوں کو بھی ناکردہ گناہوں کی یہ سزا دیتا ہے کہ قانونی اور شرعی بیوی ہوتے ہوئے بھی نہ تو یہ بیوی قانونی طور پر اپنے خاوند سے اپنا رشتہ ازدواج ثابت کر سکے گی اور نہ ہی اس سے پیدا ہونے والے بچے اپنی ابوّت اور امومت (parentage) کے قانونی اعتراف کے حقدار ہوں گے۔ اور ظاہر ہے کہ ازدواج اور ابوّت و امومت کے حقوق کے انکار کی صورت میں وہ ان تمام دیگر حقوق سے بھی قانوناً محروم رہیں گے جو ان قانونی اور شرعی رشتوں پر مترتب ہوتے ہیں۔ چنانچہ نہ تو انہیں شناختی کارڈ، پاسپورٹ جیسی قانونی دستاویزات حاصل ہو سکیں گی اور نہ ہی وہ قانون کی نظر میں وراثت، گارڈین شپ جیسی دیگر قانونی و شرعی حقوق کا تقاضا کرنے کے حقدار ہوں گے۔ مختصراً یہ کہ یہ قانون ان کی ’شناخت‘ کے حق کو ہی چھین رہا ہے۔

## قانون کی دفعہ ٦ کی شق (۲) کو مسترد کرنے کی وجوہات

دفعہ ٦ کی شق (۲) میں پھر سے ۱۹۵۹ء کے بنیادی جمہوریتوں کے مردہ قانون کے تحت بننے والی یونین کونسل (جس میں غیر منتخب ارکان بھی ہوتے تھے) کا ذکر ہے۔ نیز اس شق میں فیس کی ادائیگی کا ذکر ہے اور شرعاً ایسے کسی عمل پر فیس نہیں لی جا سکتی جو عبادت اور فرض کے زمرے میں آتا ہو اور نکاح اسی قبیل کا عمل ہے۔ نیز نکاح کے بارے میں تو صریح نصوص ہیں کہ اسے آسان اور کم خرچ ہونا چاہیے۔

## قانون کی دفعہ ٦ کی شق (۳) اور (۴) کو مسترد کرنے کی وجوہات

ان شقوں میں بھی فیس کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ ”ثالثی کونسل“ کا ذکر ہے جس کو ریگولیٹ کرنے والا قانون اب سٹیٹیوٹ بک (کتاب قانون) کا حصہ نہیں رہا ہے۔ نیز ان میں یونین کونسل کے تحت تشکیل کردہ ثالثی کونسل کے فیصلہ کے خلاف اپیل کی اتھارٹی کلکٹر کو قرار دیا گیا ہے جبکہ مقامی حکومتوں کے اس وقت رائج قانون میں کلکٹر (ڈپٹی کمشنر) اور ضلعی انتظامیہ کے تمام دیگر افسران بمعہ ضلع پولیس آفیسر ضلع ناظم کے ماتحت ہیں۔

## قانون کی دفعہ ٦ کی شق (۵) کو مسترد کرنے کی وجوہات

قانون کی اس ذیلی شق کے حصہ (الف) میں دوسری شادی کرنے والے سے پہلی بیوی کے مہر کی فوری وصولی کے لئے ایک غیر منطقی اور غیر معقول طریق کار کا ذکر کیا گیا ہے کہ اگر شوہر فی الفور یہ مہر ادا نہ کر سکے تو اس سے مہر کی یہ رقم بطور ”بقایا جات مالیہ سرکار“ وصول کی جائے گی۔ قانون میں بیوی کو مہر کی اس رقم کی ادائیگی کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ قانون کی اس ذیلی شق کے حصہ (ب) میں یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ ثالثی کونسل کی اجازت



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے بغیر دوسری شادی کرنے والے کو ایک سال تک کی قید محض یا پانچ ہزار روپیہ جرمانہ یا دونوں سزائیں دینے کے ساتھ ہی پہلی بیوی کے ساتھ عدل و انصاف کے تقاضے پورے ہو جائیں گے۔ کیونکہ قانون میں بیوی یا بیویوں کے ساتھ اسلامی معاشرتی عدل کو تو کوئی مسئلہ ہی نہیں بنایا گیا ہے۔ چنانچہ قانون بیوی یا بیویوں کے ساتھ انصاف، عدل اور 'معروف' کا کوئی ادنیٰ معیار متعارف کرانے کے سلسلے میں بالکل خاموش ہے۔ اس کے برعکس شوہر کو ایک سال تک قید میں رکھ کر یہ قانون دونوں بیویوں کو ایک سال تک کے عرصہ کے لئے نان و نفقہ سے محروم رکھنے کا باعث بن رہا ہے۔

**درج بالا وجوہات کی بنا پر کونسل نے قرار دیا ہے کہ مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کی مذکورہ دفعہ (۶) غیر شرعی و غیر اسلامی ہے، اور متفقہ طور پر حسب ذیل فیصلہ کی منظوری دی۔**

## کونسل کے فیصلہ کا متن

(۱) عائلی قوانین کی دفعہ ۶، تعدد ازدواج نہ صرف اسلامی احکام کے خلاف ہے، بلکہ بیش بہا قانونی خرابیوں پر مبنی ہے، قرآن مجید کی آیات کریمہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث مبارکہ اور اجماع امت سے ثابت ہوتا ہے کہ بیک وقت ایک سے زائد چار تک بیویوں کو نکاح میں رکھنا جائز ہے۔ نکاح کے شرعی یا قانونی انعقاد کے لیے شوہر کو ثالثی کونسل، سول جج یا پہلی بیوی سے اجازت لینا ضروری نہیں۔

(۲) نکاح ایک شرعی عمل ہے اور انبیاء کرام کی سنت ہے، ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود ایک سے زائد شادیاں کی تھیں۔ صحابہ کرامؓ اور آج تک کے صلحاء امت میں سے متعدد مقدس ہستیوں نے اس سنت کو عملی طور پر اپنایا ہے۔ لہٰذا دوسرے نکاح کو جرم بنا کر نکاح کرنے والے کو سزا دینا نہایت نامناسب اور اسلامی تعلیمات سے متصادم ہے۔

(۳) شرعی تعلیمات کے مطابق میاں بیوی پر ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنا اور حسن معاشرت کے ساتھ زندگی گزارنا لازم ہے۔ شوہر کا شرعی و اخلاقی فرض ہے کہ وہ ان تمام حقوق کو ادا کرنے کا اہتمام کرے جو شوہر ہونے کے ناطے شریعت نے اس پر لازم قرار دیئے ہیں، خواہ اس کی ایک بیوی ہو، یا ایک سے زائد بیویاں ہوں۔ اگر شوہر ایک سے زائد بیویوں کے درمیان اختیاری امور اور حقوق میں عدل نہ کر سکتا ہو، تو ایک بیوی پر اکتفاء کرے۔ اگر شوہر حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کا مرتکب ہوتا ہو تو بیوی / بیویوں کو حقوق کا مطالبہ کرنے اور عدالتی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کرنے کی اجازت ہے، کونسل سمجھتی ہے کہ عائلی قانون کی دفعہ ۶ ایک ایسے قانون پر مبنی ہے جو اس وقت ختم ہو چکا ہے اور اس میں دیگر کئی قانونی خرابیاں موجود ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کی پامالی کا باعث بن سکتی ہے۔ یہ دفعہ بیک وقت شوہر، بیوی اور بچوں کو کئی ایک شرعی و قانونی حقوق سے محروم کر سکتی ہے۔ لہٰذا اس دفعہ کو حذف کر دیا جائے۔ (اجلاس ۱۹۴، مؤرخہ ۱۰، ۱۱ر مارچ ۲۰۱۴ء)

لہٰذا کونسل کی سفارش اپنی جگہ بالکل بجا ہے، این جی اوز اور میڈیا کا رد عمل قانون اور شریعت سے ناواقفیت پر مبنی ہے۔






© rasailojaraid.com